Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | جمعرات، 13 مارچ 2025ء ، 12 رمضان المبارک 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 03

آپریشن ختم، تمام 33 دہشتگرد جہنم واصل، ڈی جی آئی ایس پی آر

مسافروں کو بحفاظت بازیاب کرالیا گیا، آپریشن سے پہلے حیوانی دہشت گرد 21 معصوم جانیں لے چکے تھے، 4 ایف سی کے جوان بھی شہید ہوئے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

دہشت گردوں نے یرغمالیوں کو انسانی شیلڈ کے طور پر استعمال کیا، دہشت گردوں کا دین اسلام اور بلوچستان سے کوئی تعلق نہیں، بی بی سی سے گفتگو

وزیراعلیٰ پنجاب سکل ڈویلپمنٹ اینڈ انٹرنیورشپ ڈیپارٹمنٹ کے پہلے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ آپریشن ختم ہو چکا، موقع پر موجود تمام 33 دہشت گردوں کو جہنم واصل کردیا گیا ہے، کارروائی کے دوران یرغمال مسافروں کو بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا۔ بدھ کو نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ 11 مارچ کو دہشت (بقیہ نمبر 2 5)

چیف جسٹس حملہ کیس؛ تمام 36 وکلاء کیخلاف توہین عدالت کی کارروائی ختم

مقدمے میں ملوث وکلاء کے بیان حلفی اسلام آباد ہائی کورٹ میں جمع کروائے گئے

اسلام آباد (این این آئی) ہائیکورٹ کے چیف جسٹس ہاکالت پر حملہ کیس جسٹس ہاکالت پر حملے کے کیس میں اسلام آباد ہائی کورٹ نے تمام 36 وکلاء کے خلاف جاری توہین عدالت کی کارروائی ختم کردی۔ قائم مقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے 8 فروری 2024 عادل عزیز قاضی، (بقیہ نمبر 2 6)

84 ایجنٹوں کی نشاندہی، پاسپورٹس بلاک کرنے کا حکم

کراچی، لاہور، ملتان، گوجرانوالہ، فیصل آباد، حیدرآباد، اسلام آباد، پشاور، کوہاٹ، کوئٹہ ڈائریکٹر ایف آئی اے کو مراسلہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) ڈائریکٹر ایف آئی اے انٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل نے 84 ایجنٹوں کے خلاف فوری کارروائی کا حکم جاری کردیا ہے۔ اظہار احمد خان نے پاکستان سے ملائیشیا انسانی سمگلنگ میں ملوث (بقیہ نمبر 2 9)

کوئی ملک آئین کے مطابق نہ چلے تو یہ سنگین جرم ہے، شبلی فراز

سینیٹ کے چیئرمین، ڈپٹی چیئرمین یا صدر کے جو الیکشن ہوئے یہ ایک لحاظ سے غیر آئینی ہیں، رجنامالی ٹی آئی کے رہنما شبلی فراز کا کہنا ہے کہ کسی ملک کا آئین کے مطابق نہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) چنانچہ سنگین جرم ہے۔ رجنامالی ٹی آئی شبلی فراز نے جوڈیشل کے رہنما شبلی فراز کا کہنا ہے کہ کسی ملک کا آئین کے مطابق نہ پیلس اسلام آباد میں میڈیا سے (بقیہ نمبر 2 8)

تیز، آسان ڈیجیٹل ادائیگیوں کے حوالے سے بڑی پیشرفت

پاکستان میں گوگل والٹ کی دستیابی کا اعلان، متعدد بینکوں کے کارڈز ہولڈر گوگل والٹ میں شامل ہوسکیں گے

لاہور (این این آئی) تیز اور آسان ڈیجیٹل ادائیگیوں کے حوالے سے بڑی پیشرفت ہوئی ہے، گوگل والٹ اب پاکستان میں بھی دستیاب ہوگا۔ کنٹری ڈائریکٹر گوگل پاکستان فرحان قریشی کے مطابق گوگل والٹ (بقیہ نمبر 2 7)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف پنجاب سکل ڈویلپمنٹ اینڈ انٹرنیورشپ ڈیپارٹمنٹ کے پہلے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز نے ایک لاکھ نوجوانوں کی ٹیکنیکل ٹریننگ اور جاب پلیسمنٹ کا ٹارگٹ دیدیا

"سکلز آن وہیل" پراجیکٹ متعارف کرانے کا فیصلہ

سکل ڈویلپمنٹ پروگرام "پہچان" کے تحت 1600 ٹرانس جینڈر کی ٹریننگ مکمل، ٹیکسٹائل، میک اپ، بیک سٹیج پروڈکشن ٹریننگ حاصل کرنے پر 8 ہزار روپے ماہانہ

ہاسپٹلٹی سیکٹر ٹریننگ کیلئے "مراکی" پراجیکٹ متعارف کرانے کا فیصلہ، برطانوی ادارے سی ایچ کے اشتراک سے 6 ماہ کی فری ہاسپٹلٹی ٹریننگ کرائی جائیگی

ہنرمند نوجوانوں کو ترجیحی بنیادوں پر کاروبار کارڈ اور کاروبار فنانس لون دینے کی ہدایت، ہنرمند افرادی قوت بیرون ملک بھیجنے کیلئے جامع پلان طلب

آئی بی اے ایکس کے اشتراک سے پہلے فیز میں 5 ہزار نوجوانوں کو کال سنٹر میں ٹرینڈ کی جائیگی، 6 جنتے کی کال سنٹر ٹریننگ کے بعد نوجوان لاکھ روپے ماہانہ حاصل کرسکیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب سے ہنرمند افرادی قوت بیرون ملک بھیجنے کا پلان، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ایک لاکھ ہنرمند نوجوانوں کو ٹریننگ اور جاب پلیسمنٹ کا ٹارگٹ دے دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہنرمند افرادی قوت بیرون ملک بھیجنے کیلئے جامع پلان طلب کر لیا۔ (بقیہ نمبر 3 4)

وزارت کی زیر صدارت پنجاب سکل ڈویلپمنٹ انٹرنیورشپ ڈیپارٹمنٹ کا پہلا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ایک لاکھ ہنرمند نوجوانوں کو

کراچی میں سہراب گوٹھ کے گھر میں فائرنگ، میاں بیوی قتل

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے سہراب گوٹھ میں سپر مارکیٹ کے قریب گھر میں گھر میں گھس کر (بقیہ نمبر 3 1) ہوا۔ ہلاک افراد کی

بلوچستان ٹرین حادثہ، 14 مارچ کا پنجابی کلچر دیہاڑ ملتوی

پنجابی کلچر فیسٹیول اب 14 اپریل کو منعقد ہوگا، وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ 14 مارچ کو منعقد ہونے والا پنجابی کلچر میلہ ملتوی کر دیا گیا ہے۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے اپنے ویڈیو پیغام میں کہا کہ ملک کے موجودہ حالات کے پیش نظر فیسٹیول کو مؤخر کیا جا رہا (بقیہ نمبر 3 0)

دشمن کے ناپاک عزائم کے سامنے کبھی سر نہیں جھکائیں گے

سپیکر پنجاب اسمبلی

یہ چند مٹھی بھر لوگ ہیں جن کا خاتمہ کرنے کی صلاحیت ہماری سکیورٹی فورسز کے پاس موجود ہے، ملک محمد احمد خان

لاہور (این این آئی) اپوزیشن پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے بھنڈر ایکسپریس واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعے میں بیرونی فرینڈ عناصر ملوث ہیں، سمجھ لوگوں کے ساتھ طاقت سے کام بات ہوسکتی ہے، یہ چند مٹھی بھر لوگ ہیں جن کا خاتمہ کرنے کی صلاحیت ہماری سکیورٹی فورسز کے پاس موجود ہے۔ انہوں نے پنجاب اسمبلی کے احاطہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 3 2)

ایس ایس پی سکیورٹی نے پولیس افسران کے سرکاری وذاتی نوعیت کے مسائل سنے

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی سکیورٹی ڈویژن محمد سرفراز ڈوگر نے پولیس افسران کے سرکاری اور ذاتی نوعیت کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لئے پولیس افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس ایس پی سکیورٹی ڈویژن محمد سرفراز ڈوگ (بقیہ نمبر 3 5)

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان، وزیر مملکت ملک رشید احمد خان، عبدالرحمٰن کانجو، اراکین صوبائی اسمبلی چوہدری محمد الیاس خان، ملک سعید احمد خان جلسے میں اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

چھوٹے شہروں میں ڈرینج سسٹم کا بائی پاس ماڈل نافذ کرینگے، وزیر بلدیات

20 شہروں میں واٹر سپلائی اور سیوریج سٹیشن کی سہولیات مہیا کی جائیں گی، مزید 59 شہروں میں ڈیٹا کولیکشن کا کام مکمل

وزیراعلیٰ مریم نواز نے 11 شہروں میں میونسپل سروسز کی فراہمی کے 15 ارب کے پروگرام کی منظوری دے دی، ڈیٹا ان ریٹیج

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات پنجاب ڈیٹا ان ریٹیج کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں ہونے والے ایک اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ سٹیج ڈویلپمنٹ پروگرام میں پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد اور چیف سیکرٹری ڈویلپمنٹ آسیہ گل نے بھی شرکت کی۔ پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی (پی ایم ڈی ایف سی) کے جنگ ڈائریکٹر سید راہم مرتضیٰ بریفنگ دی۔ (بقیہ نمبر 3 3)

کسٹمز اور بیگر کی شعبہ کی کارروائی کے دوران الاصف سے برآمد ہونے والا سامان

دہشتگردوں کا معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ عمل ہے، بلاول

حملہ آوروں کو عبرتناک انجام تک پہنچائیں گے، سرفراز بگٹی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمان پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سمیت وزرائے اعلیٰ بلوچستان، پنجاب، (بقیہ نمبر 4 1)

وزیراعلیٰ امور پنجاب، منشی عگمارڈ و سماجی سیلی کی تقریبات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اوگرا نے درآمدی ایل این جی مہنگی کردی، نوٹیفکیشن جاری

آر ایل این کی قیمت میں 4 سینٹ فی ایم ایم بی ٹی یو اضافہ

لاہور (این این آئی) پیٹرولیم ریگولیٹری اتھارٹی نے درآمدی ایل این جی مہنگی کردی۔ اتھارٹی کی جانب سے ایل این جی مہنگی کرنے کا نوٹیفکیشن بھی جاری (بقیہ نمبر 4 2)

ڈی سی پی ڈبل ڈیکر بس کے کرایوں میں اضافہ مسترد

فوراً زم ڈویلپمنٹ کارپوریشن پنجاب کی سائٹ سے ان لاہور بس سروس کے کرائے میں 200 سے 500 روپے تک اضافہ کیا گیا تھا

ڈبل ڈیکر بس سروس عوام کی سیر و تفریح کیلئے شروع کی گئی ہے، ڈبل ڈیکر بس کے کرایوں میں اضافے سے عوام پر بوجھ پڑے گا

عوام کو سیر و سیاحت کی بہترین سہولتیں کم از کم چارجز پر مہیا کر رہے ہیں اور کرتے رہیں گے مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ڈی سی پی ڈبل ڈیکر بس کے کرایوں میں اضافہ مسترد کردیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے حکم پر کرایوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا گیا۔ فوراً زم ڈویلپمنٹ کارپوریشن پنجاب (بقیہ نمبر 4 9)

رمضان المبارک کا دوسرا عشرہ شروع ہوتے ہی بازاروں میں عید کی رونقیں بحال ہونا شروع ہو گئیں

گندم کے 1700 میٹرک ٹن تھیلے غائب، 2 ملزمان گرفتار

پشاور (این این آئی) پشاور میں اضافیل فوشورہ کے گودام سے گندم کے 1700 میٹرک ٹن تھیلے غائب ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ محکمہ اینٹی کرپشن نے اضافیل فوشورہ کے گودام میں گندم کی سپیڈ خورورد کی انکوائری شروع کر دی۔ انکوائری میں متعلقہ حکام کے بیانات ریکارڈ کر لیے گئے (بقیہ نمبر 4 3)

جعفر ایکسپریس حملہ، وفاقی دارالحکومت میں سکیورٹی ہائی الرٹ

پولیس لائنز اور آئی جی آفس سے ملحق راستہ بند، اضافی کمانڈو تعینات کردیئے گئے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) جعفر ایکسپریس پر حملے کے واقعے کے بعد وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان واقعے کے بعد وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں سکیورٹی کو ہائی الرٹ کردیا گیا ہے اور (بقیہ نمبر 5 0)

پی ٹی اے اور ایف آئی اے کا چھاپا، برطانوی سمز فروخت کرنیوالے گرفتار

چھاپا بلگت کے علاقے دیئور میں مارا گیا، غیر قانونی کاروبار میں ملوث 2 افراد کو گرفتار کیا گیا، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی اے اور ایف آئی اے نے چھاپے میں برطانوی سمز فروخت کرنے والے افراد کو گرفتار کرلیا گیا۔ پی ٹی اے نے ڈزل آش بگلت نے ایف آئی اے کے ساتھ کراچی ڈنگ کے ساتھ مل کر غیر قانونی بین الاقوامی سمز کارڈز کی فروخت (بقیہ نمبر 5 1)

پنجاب بھر میں انجکشن کا استعمال فوری روکنے کا حکم

انجکشن کا استعمال مشتبہ طور پر صحت کیلئے خطرہ ہے، انجکشن ویکسا اور محلول نیوٹرولائن کا استعمال روک دیا جائے

انجکشن کا استعمال مشتبہ طور پر صحت کے لئے خطرہ ہے، انجکشن ویکسا اور محلول نیوٹرولائن کا استعمال روک دیا جائے، مراسلہ

لاہور (این این آئی) پیپلز پارٹی کے رہنما میں انجکشن سے مریضوں کو کوئی انجکشن کے معاملے پر ڈائریکٹوریٹ آف ڈرگ کنٹرول نے پنجاب بھر میں بھی تھی کے انجکشن کا استعمال فوری روکنے کا حکم دے دیا۔ ڈائریکٹوریٹ آف ڈرگ کنٹرول نے صوبے بھر کی فارمیسیز کو ہدایات جاری کردیں۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ انجکشن کا استعمال مشتبہ طور پر صحت کے لئے خطرہ ہے، انجکشن ویکسا اور (بقیہ نمبر 4 4)

دہشتگردی کی بزدلانہ کارروائی ہمارے حوصلے پست نہیں کرسکتی، حنیف عباسی

سکیورٹی اداروں، بلوچستان حکومت کے بھرپور تعاون، فوری رسپانس ملا، پرشکر گزار ہیں

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے بھنڈر ایکسپریس حملے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی بزدلانہ فعل ہے، جعفر ایکسپریس حملے کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ ایسے بیان میں دہشتگردی کی بزدلانہ کارروائی ہمارے حوصلے پست نہیں کرسکتی ملک دشمن عناصر کو شکست دینے کے لیے پوری قوم متحد ہے ۔ انہوں (بقیہ نمبر 4 5)

دہشت گردوں کا کوئی دین مذہب نہیں، زرتاج گل

ہم اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ ہیں، پی ٹی آئی رہنما کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما زرتاج گل وزیر نے کہا ہے کہ دہشتگردوں کا کوئی دین مذہب نہیں، ہم اپنی سیکورٹی فورسز کے ساتھ ہیں۔ عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جعفر ایکسپریس کے واقعے کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ ہم اپنی سیکورٹی فورسز کے ساتھ ہیں۔ دہشتگردی ایک ناسور ہے اور دہشتگرد (بقیہ نمبر 4 6)

گلوکارہ حمیرا ارشد کے چھوٹے بھائی عامر حسین انتقال کرگئے

لاہور (این این آئی) معروف گلوکارہ حمیرا ارشد کے چھوٹے بھائی عامر حسین دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے ہیں۔ حمیرا ارشد عرصے کی بیرون ملک واپسی پر نماز جنازہ ادا کی جائے گی ۔عامر حسین المعروف مٹھو کی نماز جنازہ شادمان اسٹوڈیو سے اٹھائی جائے گی۔

عید سے قبل سرکاری ملازمین کو تحفہ ایں دینے کا اعلان، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) محکمہ خزانہ پنجاب نے عید الفطر پر تحفوں میں کل الاؤنس جاری کرنے کا حکم دے دیا۔ محکمہ خزانہ پنجاب نے عید الفطر پر سرکاری ملازمین کی تنخواہیں کل الاؤنس جاری کرنے کا اعلان کیا ہے۔ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن (بقیہ نمبر 3 7)

ڈزل کمانڈر ساؤتھ زون ڈی جی آئی ایف سی اور ایف سی موٹر وے M-9 کا دورہ کر کے دور سپیڈنگ کے خلاف جاری مہم کا جائزہ لے رہے ہیں

اسلام آباد، پانچ حشیات فروشوں سمیت 17 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف حشیات فروشوں سمیت 17 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے 7230 گرام چرس 2275 گرام آئس 1 پسٹول معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی (بقیہ نمبر 3 8)

پی ٹی آئی کا احتجاج، پنجاب کے سکولوں میں گرلز پیج بارے آگاہی دینے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو گرلز پیج بارے آگاہی کے حوالے سے ہر اسلامی سبق دیا۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ گرلز پیج سے آگاہی بچوں کے نصاب میں شامل کی جائے، بچوں کو ذاتی حفاظت کے بارے میں تعلیم دینا وقت کی ضرورت ہے۔ محکمہ داخلہ (بقیہ نمبر 4 8)

جائیداد کے تنازعہ پر سوتیلی والدہ کو قتل کرنے والا گرفتار

ملزم حسین قتل کرنے کے بعد روپوش ہوگیا تھا، خاتون مصباح کے قتل پر آئی جی پنجاب نے نوٹس لیا تھا

لاہور (این این آئی) آئی جی پنجاب کے نوٹس لینے پر جائیداد کے تنازعہ پر سوتیلی والدہ کو قتل کرنے والے اشتہاری مجرم کو گرفتار کرلیا گیا۔ ڈی پی او بال شیر شیخ نارنگ کے علاقہ کالا پر آئی جی پنجاب نے (بقیہ نمبر 3 9) خطاتی میں سوتیلے بیٹے نے شارع عام پر فائر کر کے والدہ کو قتل کر دیا تھا، ملزم حسین قتل کرنے کے بعد روپوش ہوگیا تھا، خاتون مصباح کے قتل

زرداری ہاؤس میں ترجمان سندھ حکومت سیوہ حسین عابدی کا ساتھی ترجمانوں کے ہمراہ پیپلز پارٹی سندھ کے صدر رٹا راجہ گھوڑے سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

تشدد کو تشدد سے ختم اور عام بلوچستانی کو گلے سے لگائینگے، سرفراز بگٹی

بزدوق کا جواب قبائلی، اسلامی اور آئینی طور پر بندوق سے دیں گے، دہشتگردوں نے جو مقام تشدد سے لیا ہے دو تشدد سے ہی واپس لیا جائیگا

20 لوگوں کے مسلح جتھے کے خلاف آپریشن نہ کریں تو کیا کریں، ہمسایہ ملک میں بیٹھ کر بلوچستان میں دہشتگردی کی جارہی ہے

کمشنر این این آئی) بلوچستان میں فرائرائٹی نے کہا ہے کہ تشدد کو تشدد سے ختم اور عام بلوچستانی کو گلے سے لگائیں گے، بندوق کا جواب قبائلی، اسلامی اور آئینی طور پر بندوق سے دیں گے، دہشتگردوں نے جو مقام تشدد سے لیا ہے وہ تشدد سے ہی واپس لیا جائیگا 200 لوگوں کے مسلح جتھے کے خلاف آپریشن نہ کریں تو کیا کریں، ہمسایہ ملک میں بیٹھ کر بلوچستان میں دہشتگردی کی جارہی ہے، سکیورٹی فورسز نے اپنے سینوں پر گولیاں کھا کر 68 جوانوں کو ریسکیو، 50 دہشتگردوں کو جہنم واصل کر دیا ہے، یہ ان واقعہ میں بڑی تعداد میں شہادتیں ہوئی ہیں شہداء کا خون رائیگاں نہیں (بقیہ نمبر 4 0)

راولپنڈی، میٹرو بس میں شہری کی جیب سے رقم چوری کرنیوالے ملزمان پولیس حراست میں

آرمی ایکٹ افواج کیلئے خاص ہے، جج آئینی بینچ

کیا فوجی عدالت بھی آرٹیکل 175 کے تحت بنیں؟ جسٹس منصور ہلالی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں سے سویلنز کے ٹرائل کے خلاف اپیل کورٹ اپیلوں پر سماعت کے دوران جسٹس محمد علی نے ریمارکس دیئے ہیں کہ آرمی ایکٹ خصوصی طور پر افواج پاکستان کے ممبران کیلئے ہے۔ بدھ کو جسٹس (بقیہ نمبر 5 3)

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اجلاس، وزارت قانون کے نمائندے کو نکال دیا گیا

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے اگلے اجلاس میں سیکرٹری قانون و انصاف کو طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین جنید اکبر خان کی زیر صدارت ہوا، دوران اجلاس چیئرمین پی اے سی نے وزارت قانون کے نمائندے کو فوراً نکال دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین جنید اکبر خان کی زیر صدارت ہوا، دوران اجلاس وزارت قانون کے نمائندے کو فوراً نکال دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے وزارت قانون و انصاف کو طلب کرلیا (بقیہ نمبر 5 2)

راولپنڈی، چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ہمیل پولیس نے حراست میں لے رکھا ہے

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

سٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کا اعلان اور مہنگائی

سٹیٹ بینک آف پاکستان نے مانیٹری پالیسی میں اگلے دو ماہ کیلئے شرح سود کا اعلان کر دیا' جس کے مطابق اگلے دو ماہ کیلئے شرح سود 12 فیصد پر برقرار رہے گی' مرکزی بینک کا کہنا ہے کہ فروری 2025ء میں مہنگائی توقعات سے کم رہی، جس کا بنیادی سبب غذا اور توانائی کی قیمتوں میں آنے والی کمی تھی۔ کمیٹی نے ان قیمتوں میں اندرونی تغیر کی بنا پر مہنگائی کے موجودہ گرتے ہوئے رجحان کو درپیش خطرات کی جانچ کی۔ چنانچہ غذا اور توانائی کی قیمتوں کا بڑھنا مہنگائی میں اضافے کا باعث بن سکتا ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ بلند تعدد (فریکوینسی) سے ظاہر ہوتا ہے کہ معاشی سرگرمی کی رفتار مزید بڑھ رہی ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ مہنگائی میں کمی آئیگی جس کے بعد کمی میں مزید اضافہ ہوگا۔

پاکستان میں مہنگائی پر عالمی اداروں کی رپورٹوں اور حکومتی دعوؤں کے مطابق اس وقت ملک میں مہنگائی کم ترین سطح پر ہے جبکہ زمینی حقائق یہ بتاتے ہیں کہ مہنگائی میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے جس کا اندازہ عام آدمی کی مشکلات سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے۔ اپریل 2024ء کی عالمی بنک کی رپورٹ میں بجلی' گیس کی قیمتوں میں اضافے کی بنیاد پر پاکستان میں مہنگائی کو 50 سال کی بلند ترین سطح پر ظاہر کیا گیا تھا' اس رپورٹ کی روشنی میں اگر دیکھا جائے تو اس رپورٹ کے بعد بجلی اور گیس کی قیمتوں میں کمی کے بجائے مزید اضافہ ہوا ہے' جبکہ پٹرولیم مصنوعات کے نرخوں کا گراف بھی انتہائی بلند سطح پر ہے تو پھر مہنگائی میں کمی کے دعوے کس بنیاد پر کئے جا رہے ہیں۔ ماہ رمضان میں تو گرانفروشی کے تمام ریکارڈ ٹوٹ چکے ہیں۔ قومی' عالمی اداروں کی رپورٹیں اور حکومتی دعوے درست ہو سکتے ہیں' درآمدات و برآمدات میں اضافہ اور زرمبادلہ میں بھی بہتری آئی ہوگی' لیکن ان تمام حکومتی کامیابیوں کے باوجود عوام الناس کی مشکلات میں کوئی کمی نظر نہیں آ رہی۔ اگر حکومت مہنگائی میں کمی لانے کے تمام نہیں تو اب تک جتنے اہداف حاصل کر چکی ہے تو اسکے ثمرات عام آدمی تک بھی پہنچنے چاہئیں۔ جب تک عوام کیلئے روٹی روزگار کا حصول آسان نہیں ہوتا اور بجلی گیس کے بلوں میں ریلیف نہیں ملتا' ایسی تمام رپورٹیں اور حکومتی بیانات عوام کیلئے لالی پاپ ہی تصور کئے جائیں گے۔

اماں خدیجہؓ

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

رمضان المبارک اور حصول تقویٰ

SPORTS سپورٹس

آسٹریلیا کی خواتین کرکٹ ٹیم رواں ماہ نیوزی لینڈ کا دورہ کرے گی

آکلینڈ (این این آئی) نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا کی خواتین ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹونٹی بین الاقوامی کرکٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا آغاز 21 مارچ کو پہلے میچ سے ہوگا۔ یہ میچ ایڈن پارک، آکلینڈ میں کھیلا جائے گا۔ آسٹریلیا کی خواتین کرکٹ ٹیم رواں ماہ نیوزی لینڈ کا دورہ کرے گی جہاں وہ میزبان نیوزی لینڈ کی ٹیم کے خلاف تین ٹی ٹونٹی بین الاقوامی میچوں کی سیریز کھیلے گی۔ تین ٹی ٹونٹی میچوں کی سیریز میں آسٹریلوی ویمنز ٹیم کو تھلیا میک گراتھ لیڈ کریں گی جبکہ میزبان نیوزی لینڈ کی ٹیم کو سوزی بیٹس لیڈ کریں گی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹونٹی میچوں کی سیریز کا پہلا میچ 21 مارچ کو ایڈن پارک، آکلینڈ کے مقام پر کھیلا جائے گا۔ دوسرا ٹی ٹونٹی میچ 23 مارچ کو بے اوول، ماؤنٹ مونگانوئی میں کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور آخری ٹی ٹونٹی میچ 26 مارچ کو سکائی اسٹیڈیم، ویلنگٹن میں کھیلا جائے گا۔

پاکستان کرکٹ ٹیم نئے کپتان کے ساتھ نیوزی لینڈ کیلئے روانہ

ٹیم جمعرات کو شام کرائسٹ چرچ پہنچے گی۔ سیریز کا آغاز 16 نومبر سے ہوگا

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم ٹی 20 سیریز کھیلنے کے لیے نئے کپتان سلمان علی آغا کی قیادت میں نیوزی لینڈ روانہ ہوگئی ہے۔ پاکستان کرکٹ ٹیم پانچ میچوں کی ٹی 20 سیریز کھیلنے کے لیے نئے کپتان سلمان علی آغا کی قیادت میں لاہور سے نیوزی لینڈ روانہ ہوگئی ہے۔ قومی ٹیم براستہ دبئی نیوزی لینڈ کے مقامی وقت کے مطابق جمعرات کو شام کرائسٹ چرچ پہنچے گی۔ سیریز کا آغاز 16 نومبر سے ہوگا۔ گرین شرٹس نے ہوٹل سے ایئرپورٹ روانگی سے قبل گروپ فوٹو بھی بنوایا۔ واضح رہے کہ چیمپئنز ٹرافی میں بدترین شکست کے بعد سلیکشن کمیٹی نے دورہ نیوزی لینڈ کے لیے محمد رضوان سے ٹی 20 ٹیم کی کپتانی واپس لے کر سلمان علی آغا کو کپتان مقرر کیا۔

نائب کپتانی کی ذمہ داری اچھی طرح سے نبھاؤں گا، شاداب خان

ہماری اس ٹیم میں کافی نوجوان کھلاڑی ہیں، ٹیم کو مثبت رزلٹ ملیں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹی ٹونٹی ٹیم کے وائس کیپٹن شاداب خان نے کہا ہے کہ نائب کپتانی کی ذمہ داری ملی ہے، اس ذمہ داری کو اچھے سے نبھاؤں گا۔ نیوزی لینڈ روانگی سے قبل گفتگو کرتے ہوئے قومی ٹی 20 ٹیم کے نائب کپتان شاداب خان نے کہا کہ اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں دوبارہ قومی ٹیم میں موقع ملا، جو ہمیں ٹیم مینجمنٹ کی طرف سے ٹاسک دیا گیا ہے امید ہے اس پر پورا اتریں گے۔ شاداب خان نے کہا کہ ہماری اس ٹیم میں کافی نوجوان کھلاڑی ہیں، ٹیم کو مثبت رزلٹ ملیں گے، کسی بھی نوجوان کھلاڑی کیلئے اعزاز کی بات ہوتی ہے وہ اپنے ملک کی نمائندگی کرے۔ پاکستانی آل راؤنڈر کا کہنا تھا کہ ہماری ٹیم میں کافی نوجوان کھلاڑی ایسے ہیں جو پہلی بار سلیکٹ ہوئے ہیں، ہمیں اپنے نوجوان کھلاڑیوں سے کافی امیدیں ہیں۔

جلیبیاں بیچنے والے فٹبالر محمد ریاض کو وزیر اعظم نے بلا لیا

نجی ٹی وی کا مشکور ہوں جس نے ہماری آواز اعلیٰ حکام تک پہنچائی' محمد ریاض کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) معاشی تنگی کے سبب سڑک کنارے جلیبیاں بیچنے والے پاکستان کے نوجوان فٹبالر محمد ریاض کو وزیر اعظم شہباز شریف نے بلا لیا۔ ہنگو میں قومی فٹبالر محمد ریاض کی جلیبیاں بیچنے کی خبر چلائی گئی تھی جس کے بعد اب وزیر اعظم شہباز شریف نے فٹبالر کو وزیر اعظم ہاؤس بلا لیا ہے۔ محمد ریاض کا کہنا ہے کہ نجی ٹی وی کا مشکور ہوں جس نے ہماری آواز اعلیٰ حکام تک پہنچائی۔ ڈپٹی کمشنر ہنگو گوہر زمان کے مطابق وزیر اعظم ہاؤس میں شہباز شریف کے ساتھ فٹبالر کی ملاقات ہوگی، ہم نے اس ملاقات کے لیے تمام انتظامات کیے ہیں۔ قومی فٹبالر محمد ریاض 2018ء میں ایتھلیٹس کھیلوں پر پابندی کے بعد سے مایوس ہو کر ہنگو بازار میں جلیبیاں بیچنے کا کاروبار کر رہے ہیں۔

آئی سی سی کا مطلب انڈین کرکٹ بورڈ، اینڈی رابرٹس برس بڑے

انڈیا سب کچھ حاصل نہیں کرسکتا، آئی سی سی کو چاہیے کو وہ انڈیا کو انکار کرے: اینڈی رابرٹس

بارباڈوس (این این آئی) ویسٹ انڈیز کرکٹ ٹیم کے لیجنڈ فاسٹ بولر اینڈی رابرٹس نے آئی سی سی کو انڈین کرکٹ بورڈ قرار دیدیا۔ اینڈی رابرٹس نے انڈیا کو فائدہ پہنچانے پر کہا کہ بھارت کو گزشتہ برس ٹی ٹونٹی ورلڈکپ میں بھی فائدہ تھا، انڈیا کو پہلے سے علم تھا کہ اس نے سیمی فائنل کہاں کھیلنا ہے۔ انہوں نے کہا چیمپئنز ٹرافی کے دوران انڈیا نے ٹریول نہیں کیا اور یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ٹورنامنٹ میں کوئی سفر ہی نہ کرے۔ اینڈی رابرٹس کا کہنا تھا کہ آئی سی سی کا مطلب انڈین کرکٹ بورڈ ہے، انڈیا ہر بات کا حکم دیتا ہے، اگر کل انڈیا کہتا ہے کہ سنو اب نو بال اور وائیڈ بال نہیں ہونے چاہئیں تو آئی سی سی اس کا راستہ نکال لے گی۔ انہوں نے مزید کہا انڈیا سب کچھ حاصل نہیں کر سکتا، آئی سی سی کو چاہیے کو وہ انڈیا کو انکار کرے۔

کھلاڑیوں کو سفارش اور پیسے لیکر کھلایا جاتا ہے' شاہد آفریدی پھٹ پڑے

نہیں سمجھ آتا ہمارے اسٹارز کو پاکستانی ٹیم کیساتھ ہی کیوں کو چنگ یا عہدوں کی ضرورت ہے

لاہور (این این آئی) قومی ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے انکشاف کیا ہے کہ پیسے لیکر اور سفارش کی بنیادوں پر کھلاڑیوں کو ٹیم کا حصہ بنایا جاتا ہے، تو ٹیم آگے کیسے جائے گی۔ نجی ٹی وی چینل پر گفتگو کرتے ہوئے قومی ٹیم کے سابق کپتان اور آل راؤنڈر شاہد آفریدی کا کہنا تھا کہ مجھے بورڈ سے کوئی کنٹریکٹ نہیں چاہیے، ہمیشہ یہی کہا ہے کہ جب بھی آپکو میری ضرورت ہوگی میں حاضر ہوں، گراس روٹ لیول پر کام کرنے کیلئے تیار ہوں۔ انہوں نے کہا کہ محمد یوسف کی خدمات کی ضرورت پاکستانی ٹیم کیساتھ نہیں بلکہ نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں ہے، جو بلے بازوں کیساتھ انکی تکنیک کام کرسکیں اور سکھا سکیں۔ سابق آل راؤنڈر نے کہا کہ مجھے نہیں سمجھ آتا ہمارے اسٹارز کو پاکستانی ٹیم کیساتھ ہی کیوں کوچنگ یا عہدوں کی ضرورت ہے۔ شاہد آفریدی نے انکشاف کیا کہ انڈر-13، انڈر-16 اور انڈر-19 کی سطح پر موجود بیجز کے پریزیڈنٹ کھلاڑیوں سے پیسے لیکر اور سفارش پر انہیں کھیلنے کا موقع دیتے ہیں تو کہاں سے کرکٹ آگے جائے گی۔

میراڈونا کی موت پر طبی عملے کیخلاف مقدمے کی سماعت شروع

وہ میراڈونا کی زندگی کے آخری دنوں میں علاج معالجے میں غفلت برتنے کے مرتکب ہوئے

بیونس آئیرس (این این آئی) ارجنٹائن کے لیجنڈری فٹبالر ڈیاگو میراڈونا کی موت کے معاملے پر ان کے طبی عملے کے 7 اراکین کے خلاف مقدمے کی سماعت کا آغاز ہوگیا۔ ان پر الزام ہے کہ وہ میراڈونا کی زندگی کے آخری دنوں میں علاج معالجے میں غفلت برتنے کے مرتکب ہوئے۔ استغاثہ کے مطابق، ملزمان پر ممکنہ ارادے سے قتل کرنے کا الزام ہے، جس کے تحت انہیں 8 سے 25 سال قید کی سزا ہو سکتی ہے۔ استغاثہ نے اپنے ابتدائی بیان میں کہا اس حوالے سے ٹھوس شواہد پیش کیے جائیں گے کہ طبی عملے کے کسی بھی فرد نے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کی تھی۔ مقدمے کی سماعت میں 100 سے زائد گواہان بشمول میراڈونا کے اہل خانہ اور ان کے سابقہ معالجین پیش ہوں گے، یہ سماعت جولائی تک جاری رہنے کا امکان ہے۔ مقدمے

SHOWBIZ شوبز

مجھے کاسمیٹک سرجری کروانے سے ڈر لگتا ہے، اشنا شاہ

میں نے پہلی بار جب فلرز لگوائے ان سے میرا چہرہ بہتر ہو گیا



لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کے معروف اداکارہ اشنا شاہ نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں کاسمیٹک سرجری کروانے سے ڈر لگتا ہے۔ اشنا شاہ نے نجی ٹی وی پر اپنے پروگرام میں آئی مہمان اداکارہ صرحا اصغر سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ مجھے انسومنیا ہے جس کی وجہ سے میری آنکھوں کے گرد حلقے پڑے ہوئے ہیں تو مجھے ایک ڈاکٹر نے بتایا کہ فلرز لگوانے سے یہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے پہلی بار جب فلرز لگوائے ان سے میرا چہرہ بہتر ہو گیا اور وہ فلرز دو تین مہینے تک رہے۔

متھیرا نے چاہت فتح علی خان سے تنازع پر خاموشی توڑ دی

کوئی بھی خاتون کسی غیر مناسب رویے کو برداشت نہیں کرے گی، اداکارہ



لاہور (این این آئی) متھیرا نے چاہت فتح علی خان کے ساتھ اپنے تنازع پر خاموشی توڑ دی۔ پاکستانی میڈیا انڈسٹری کی معروف میزبان اور وی جے متھیرا جو اپنی بے باک رائے اور صاف گوئی کے لیے مشہور ہیں، ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گئی ہیں۔ حال ہی میں ان کا نام معروف مزاحیہ گلوکار اور سوشل میڈیا سینسیشن چاہت فتح علی خان کے ساتھ ایک تنازع میں جوڑا جا رہا تھا، جس پر اب انہوں نے کھل کر بات کی ہے۔ یہ تنازع اس وقت شروع ہوا جب چاہت فتح علی خان متھیرا کے شو پر بطور مہمان آئے، شو کے بعد لی گئی۔

نی زہا ٹو 2 ارب ڈالرز کمانے والی پہلی ایشیائی اینیمیٹڈ فلم بن گئی

بیجنگ (این این آئی) جنوری میں ریلیز ہونے والی ایشیائی ملک کی فلم نے 2 ارب ڈالرز سے زیادہ کا بزنس کر کے تہلکہ مچا دیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق دنیا بھر میں چین کی اینیمیٹڈ فلم نی زہا 2 کی نمائش کامیابی کے ساتھ جاری ہے، یہ ایک کارٹون اینیمیٹڈ فلم ہے جو 2 ارب ڈالرز سے زائد کی کمائی کرنے والی پہلی ایشیائی فلم بن گئی ہے۔ ابھی نی زہا 2 آئندہ ہفتوں میں چند اور ممالک میں بھی ریلیز ہوگی جس سے اس کی آمدنی میں مزید اضافے کا امکان ہے، اس وقت بھی نی زہا 2 دنیا میں سب سے زیادہ کمائی کرنے والی فلموں میں چھٹے نمبر پر ہے۔ یاد رہے کہ سب سے زیادہ بزنس کرنے والی اینیمیٹڈ فلم کا اعزاز انسائیڈ آؤٹ 2 کے پاس تھا۔

پریانکا چوپڑا نے ہدایتکار ایک ڈیمانڈ پر فلم کرنے سے انکار کر دیا تھا

ہدایتکار اسے میرے سامنے نہیں بلکہ اکیلے میں فلم پڑھ کر سنانا چاہتا تھا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اور ہالی ووڈ اداکارہ پریانکا چوپڑا کی والدہ مدھو چوپڑا نے انکشاف کیا ہے کہ ان کی بیٹی نے ہدایتکار کی ایک ڈیمانڈ پر فلم کرنے سے صاف انکار کر دیا تھا۔ حال ہی میں ایک انٹرویو میں مدھو چوپڑا کا کہنا تھا کہ وہ اپنی بیٹی کو لے کر بیحد حساس تھیں اور کبھی اسے فلم کے سیٹ پر یا کسی آفس میں اکیلا نہیں چھوڑتی تھیں۔ مدھو نے بتایا کہ پریانکا ہمیشہ فوری فیصلہ لیتی ہے اور چاہے اسے فلم سے ہاتھ دھونا پڑے مگر وہ اپنے اصولوں پر کام کرنے کو ترجیح دیتی ہے۔ پریانکا کی والدہ نے ماضی کے ایک واقعے کا تذکرہ کرتے ہوئے بتایا کہ پریانکا نے ایک ہدایتکار کی فلم کرنے سے صرف اس لئے انکار کر دیا تھا کہ وہ ہدایتکار اسے میرے سامنے نہیں بلکہ اکیلے میں فلم پڑھ کر سنانا چاہتا تھا۔ مدھو چوپڑا نے بتایا کہ پریانکا نے اس ہدایتکار کو کہا کہ اگر آپ میری ماں کے سامنے مجھے فلم کی کہانی نہیں سنا سکتے تو میں آپ کیلئے فلم نہیں کر سکتی۔

شریا گھوشال نے زندگی کی 41 بہاریں دیکھ لیں

شریا گھوشال کی سالگرہ پر مداحوں کا انوکھا جشن، گلوکارہ جذباتی ہوگئیں

ممبئی (این این آئی) مقبول بھارتی گلوکارہ شریا گھوشال کے مداحوں نے ان کی سالگرہ کا جشن منانے کیلئے جشن منانے کا انوکھا انتظام کیا جسے وہ خود بھی سراہا رہی ہیں۔ شریا گھوشال نے 12 مارچ 2025 کو زندگی کی 41 بہاریں دیکھ لیں۔ اس خاص دن کیلئے گلوکارہ کے کچھ مداحوں نے ضرورت مند افراد میں کھانا تقسیم کرنے کا انتظام کر رکھا ہے۔ جب اس بارے میں گلوکارہ کو علم ہوا تو وہ اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکیں۔ انہوں نے انسٹاگرام پر مداح کی پوسٹ کا جواب دیتے ہوئے لکھا کہ میری آنکھیں خوشی کے آنسوں نم ہیں، میں کیا محسوس کر رہی ہوں۔

حنا خواجہ بیات کا ڈانس ویڈیو پر تنقید کرنیوالوں کو جواب

سکون صرف اور صرف اللہ کی یاد سے ہی نصیب ہوتا ہے ڈانس کرنے سے نہیں



لندن (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکارہ حنا خواجہ بیات نے ڈانس ویڈیو پر تنقید کرنے والوں کو خاموش کروا دیا۔ حنا خواجہ بیات نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنی ایک نئی ویڈیو شیئر کی ہے۔ اس ویڈیو میں ایک آرٹسٹ کو لندن کی گلی میں بالی ووڈ کا مشہور گانا لندن ٹھومکدا گاتے ہوئے جبکہ اداکارہ اور کچھ دیگر افراد کو اس گانے پر ڈانس کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ انہوں نے یہ ویڈیو شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا کہ جب کوئی موسیقار آپ کو پہچان لے اور آپ سے اپنے ساتھ پرفارمنس میں شامل ہونے کی درخواست کرے۔ حنا خواجہ بیات کی یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی ہے اور صارفین کی جانب سے اس پر ملے جلے ردعمل کا اظہار کیا جا رہا ہے۔

اداکارہ نمرہ خان نے اپنی دوسری شادی کا عندیہ دیدیا

نمرہ خان کی پہلی شادی کورونا لاک ڈاون کے دوران 2020 میں ہوئی تھی



کراچی (این این آئی) ابھرتی ہوئی اداکارہ نمرہ خان نے سوشل میڈیا پر مداحوں کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے اپنی دوسری شادی کا عندیہ دیدیا۔ نمرہ خان نے بہترین اداکاری سے شوبز کی دنیا میں جگہ بنالی ہے اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر اپنے مداحوں سے بھی ہمہ وقت رابطے میں رہتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی زندگی کا صفحہ کسی سے چھپا ہوا نہیں ہے۔ جب انہوں نے لاک ڈان کے دوران خاموشی سے نکاح کیا تھا تب بھی مداحوں کو یہ خوشخبری خود سنائی تھی۔ اپریل 2020 میں ہونے والی یہ شادی زیادہ عرصے نہیں چل سکی اور ایک سال بعد ہی جوڑے کے درمیان طلاق ہوگئی تھی۔

بقیہ 1

ہیں۔ وزیر زراعت عاشق کرمانی نے کہا کہ ساڑھے 6 لاکھ کاشتکاروں کو کسان کارڈ دیا جاچکا ہے جس سے 50 ارب روپے کی خریداری کی گئی ہے۔ حکومتی رکن امجد علی جاوید نے مزدور کی کم از کم تنخواہ 37 ہزار روپے پر عمل درآمد نہ ہونے پر محکمہ تعلیم اور دیگر سرکاری اداروں کو آڑے ہاتھوں لیا۔

بقیہ 2

ہے۔ پیوستہ ہفتہ میں ملک کے شمالی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1329 روپے ریکارڈ کی گئی تھی، اسی طرح چھ مارچ کو ختم ہونیوالے ہفتہ میں ملک کے جنوبی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1381 روپے ریکارڈ کی گئی جو پیوستہ ہفتہ کے مقابلہ میں 0.05 فیصد کم ہے، پیوستہ ہفتہ میں ملک کے جنوبی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1382 روپے ریکارڈ کی گئی تھی۔ اعدادوشمار کے مطابق گزشتہ ہفتہ کے دوران اسلام آباد میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1279 روپے، راولپنڈی 1289 روپے، گوجرانوالہ 1330 روپے، سیالکوٹ 1320 روپے، لاہور 1350 روپے، فیصل آباد 1370 روپے، سرگودھا 1340 روپے، ملتان 1311 روپے، بہاولپور 1366 روپے، پشاور 1322 روپے اور بنوں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1250 روپے ریکارڈ کی گئی۔ اسی طرح کراچی میں گزشتہ ہفتہ کے دوران سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1321 روپے، حیدرآباد 1340 روپے، سکھر 1450 روپے، لاڑکانہ 1400 روپے، کوئٹہ 1440 روپے اور خضدار میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1337 روپے ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 3

ملزم بلال سے 2 کلو 200 گرام چرس برآمد کی، صدر واہ پولیس نے 2 ملزمان عاصم اور اکرام الحق سے 1 کلو 400 گرام چرس برآمد کی، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 4

مکینوں نے احتجاج کیا جس سے قومی شاہراہ بلاک ہوگئی۔ مظاہرین نے گاڑیوں پر پتھراؤ بھی کیا۔

بقیہ 5

ہوتے ملزمان نے پولیس پارٹی کو دیکھ کر موٹر سائیکل بھگانے کی کوشش کی اور فائرنگ شروع کر دی، فائرنگ کے دوران ایک ملزم ہلاک جبکہ دو فرار ہو گئے، ہلاک ملزم کی شناخت فرحان کے نام سے ہوئی جو قتل، اقدام قتل اور ڈکیتی کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہے، شہری سے گن پوائنٹ پر چھینا گیا پرس، رقم اور موبائل برآمد ہوا، واقعہ کی اطلاع پر سینئر پولیس افسران موقع پر پہنچ گئے، فرار ملزمان کی گرفتاری کے لئے علاقہ میں سرچنگ کی گئی۔ واردات کی اطلاع پر موثر رسپانس اور ملزمان کی فائرنگ کے باوجود بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے مسروقہ اشیاء کی برآمدگی پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس پی راول، ڈی ایس پی سٹی اور پیرودھائی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان ومال اور پولیس پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 6

کے حصول کے لیے پراسیکیوٹر کی جانب سے مہر لگی درخواست پیش کی، پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے تفتیشی افسر سے استفسار کیا کہ جس عہدے کی مہر ثبت ہے ایسا کوئی عہدہ محکمہ پراسیکیوشن میں ہے ہی نہیں۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب فرہاد علی شاہ نے جعلی مہر ہونے پر کارروائی کی سفارش کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر لاہور کو انکوائری افسر مقرر کردیا ہے۔ پراسیکیوٹر جنرل نے ہدایت کی ہے کہ جعلی مہر بنانے اور استعمال کرنے والوں کا تعین کیا جائے، کسی کو بھی محکمہ پراسیکیوشن کی ساکھ خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 7

سے گاہے بگاہے 3 لاکھ کی رقم اور 4 تولے طلائی زیورات حاصل کئے۔ بعدازاں شادی کا کہا تو لیت ولعل سے کام لیتے ہوئے کرایہ کا گھر چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ متاثرہ شہری نے بتایا کہ ثناء بی بی وغیرہ نے گروہ بنا رکھا ہے جو کہ سادہ لوح شہریوں کو اپنے جال میں پھنسا کر رقوم اور قیمتی سامان ہتھیا لیتی ہے۔

بقیہ 8

کمرے سے ملی جسے پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ حکام کے مطابق مقتول ڈپٹی ڈسٹرکٹ اٹارنی لیاقت علی مہلپوتو سانگھڑ میں تعینات تھے، خیرپور میں اپنے گھر آنے کے بعد نامعلوم افراد قتل کر کے فرار ہوگئے، مقتول کے جسم پر گولیوں کے نشانات موجود ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق سینئر ایڈووکیٹ لیاقت علی کے قتل کی اطلاع پر وکلا کی بڑی تعداد سول اسپتال پہنچ گئی۔ ایس ایس پی توحید الرحمان میمن کے مطابق مقتول لیاقت علی کے قتل کے واقعے کی انکوائری کی جارہی ہے، جدید سائنسی ٹیکنالوجی کی مدد سے ملزمان کی کھوج لگائیں گے، ماہرین کی ٹیم لاڑکانہ سے خیرپور پہنچ کر واقعے کی انکوائری میں مدد کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو جلد گرفتار کر کے انصاف کے کٹہرے میں لائیں گے۔

بقیہ 9

والے مسافر کے جوتوں سے 312 گرام چرس برآمد کرلی گئی۔ لاہور ایئرپورٹ پر جدہ جانے والی خاتون سمیت مسافر کے پیٹ سے 100 عدد ہیروئن بھرے کیپسولز برآمد ہوئے۔ کراچی میں کوریئر آفس کے ذریعے مالدیپ بھیجے جانے والے پارسل سے 94 گرام ہیروئن برآمد کی گئی۔ ترجمان کے مطابق جی ٹی روڈ راولپنڈی میں بس اڈے کے قریب ملزم سے 500 گرام چرس برآمد ہوئی۔ گجرات میں ریلوے پھاٹک کے قریب کار اور موٹر سائیکل سے مجموعی طور پر 36 کلو چرس برآمد کر کے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ جی ٹی روڈ پشاور پر بس اسٹاپ کے قریب لاوارث موٹر سائیکل میں چھپائی گئی 15.6 کلو چرس برآمد کی گئی۔ اقبال شہید ٹول پلازہ اٹک کے قریب 2 خواتین کے قبضے سے 6 کلو چرس برآمد ہوئی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

بقیہ 10

دوسرے مہینے کی 12 تاریخ ہے۔ اس وقت تک ہمیں تنخواہ نہیں ملی، ان کا کہنا تھا کہ عید اپنی جگہ لیکن ہمارے پاس رمضان شریف کے روزے رکھنے کا راشن نہیں ہے۔ ہم میونسپل کمیٹی کے چیئرمین اور سی ایم او سے گزارش کرتے ہیں کہ ہمارے اوپر رحم کریں ہمیں تنخواہ کی ادائیگی کی جائے تاکہ ہمارے بچے فاقہ کشی سے بچ جائیں اور ہم ماہ رمضان کے روزے اور عبادات کرسکیں ہمارے بچے بھی عید کی خوشیاں مناسکیں۔

بقیہ 11

کی تنصیب کا کام زور شور سے جاری ہے یہ بات ٹاؤن کمیٹی ڈگری کے کونسلر ساجد فاروق آرائیں نے وارڈ نمبر سات کی تین کالونیوں میر فتح ٹاؤن۔ الفضل ٹاؤن۔ انور آباد میں سولنگ روڈ اور پیور بلاک روڈ کا تعمیراتی کام کا معائنہ کرنے کے بعد مقامی صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے بتائی انہوں نے بتایا کہ راجہ ٹاؤن رانی ٹاؤن کھیمنا تھ کالونی میں پیور بلاک کا کام مکمل کیا گیا ہے۔ جبکہ

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 13 مارچ 2025ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس / اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 13 مارچ 2025، صبح 07:00 بجے سے دن 11:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، اتھال، ٹریٹ، ٹی اینڈ ٹی، بھارہ کہو NIH-I&II، گالف سٹی فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، سیکٹر۔ V ۔I، ائرپورٹ، ماڈرن فلور مل، ٹمس کالونی فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، رحمت آباد۔ I، چکلالہ، شاہ جیون، قائداعظم کالونی، دھمیال، یوسی لکھن، گلشن سعید، کینٹ، قاسم بیس، میجر ریاض منظور، تلسہ روڈ، لالہ زار، جھاورہ، لالکڑتی، ڈاکٹر ٹاؤن فیڈرز، اٹک سرکل، بگل محمد فیڈر اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے۔

نہ ہو۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ نورین آپا، علیمہ آپا اور بشریٰ بی بی سب ہمارے لیے قابل احترام ہیں۔ علیمہ آپا ہمیں کوئی نصیحت کرتی ہیں تو ہم اس کو اون کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا سب سے بڑا لیڈر اس وقت جیل بیٹھا ہے، قید کی صعوبتیں جھیل رہا ہے۔ بانی پی ٹی آئی ڈیل کر کے باہر نہیں گیا۔ اس تحریک میں بانی پی ٹی آئی کی بہنیں، اہلیہ اور وکلا ان کے ساتھ ہیں کھڑے ہیں۔ میڈیا میں کچھ خبریں آجاتی ہیں جن کے سورس کا علم نہیں ہوتا۔ ایسی خبریں ہمارے حوصلے پست نہیں کرسکتیں۔

کہا کہ آرٹیکل 8 یقینی بناتا ہے کہ افواج اپنے فرائض کو درست طریقے سے ادا کرسکیں۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ ایف بی علی کیس میں بنیادی حقوق کا سوال تو آیا ہے، خواجہ حارث نے جواب دیا کہ ایف بی علی کیس چیلنج اس بنیاد پر ہوا تھا کہ ہمارے بنیادی حقوق سلب ہو رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی فوجی عدالتوں سے متعلق کیس کی سماعت (آج) جمعرات تک ملتوی کردی گئی۔ خواجہ حارث جواب الجواب جاری رکھیں گے۔

بقیہ 47

اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں جاری اور نئی ترقیاتی سکیموں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ ضلع میں جاری تمام پراجیکٹس کی مقررہ وقت میں تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ مفاد عامہ کیلئے شروع کی گئی سکیموں کی تکمیل اولین ترجیح ہے۔ علاقائی منصوبے عوام کی خدمت اور انکی مشکلات دور کرنے کیلئے انتہائی اہم ہیں۔ متعلقہ ادارے ضلع بھر میں جاری ترقیاتی منصوبہ جات کے تعمیراتی کام کو روزانہ کی بنیاد پر چیک کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکمہ جات کو ہدایت کی کہ ترقیاتی سکیموں میں بہترین کوالٹی کا میٹریل استعمال کیا جائے اور جلد از جلد زیر تعمیر ترقیاتی سکیموں کے تعمیراتی کام کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔

بقیہ 48

کے مراسلے کے مطابق ابتدائی کلاسز کے سلیبس میں گڈ ٹچ بیڈ ٹچ کے بارے میں آگاہی کو شامل کیا

امریکی سینئر سفارت کار کا ٹریفک ہیڈکوارٹرز ریس کورس کا دورہ ون ونڈو لائسنسنگ ہال کا مشاہدہ کیا

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان میں امریکی سفارتخانے میں تعینات سینئر سفارت کار نے ٹریفک ہیڈکوارٹرز ریس کورس کا دورہ کیا، امریکی سینئر سفارت کار نے سی پی او راولپنڈی اور سی ٹی او راولپنڈی کے ہمراہ ون ونڈو لائسنسنگ ہال کا مشاہدہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق امریکن سینئر سفارت کار نیٹالی اے بیکر نے چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی بینش فاطمہ کی خصوصی دعوت پر ٹریفک ہیڈکوارٹرز ریس کورس کا دورہ کیا، اس دورے کے دوران ان کے ہمراہ امریکی وفد کے دیگر اراکین بھی موجود تھے۔ ٹریفک ہیڈکوارٹرز پہنچنے پر سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد ہمدانی اور چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی بینش فاطمہ نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور معزز مہمان کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ دورے کے دوران امریکی سینئر سفارت کار نے سی پی او راولپنڈی اور سی ٹی او راولپنڈی کے ہمراہ ون ونڈو لائسنسنگ ہال کا مشاہدہ کیا۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی نے معزز مہمان کو ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے جدید اور شفاف طریقہ کار سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ امریکی سینئر سفارت کار نے اس جدید نظام کو سراہتے ہوئے اپنی مسرت اور اطمینان کا اظہار کیا، اس کے بعد معزز مہمان کو ڈرائیونگ ٹریننگ سیمولیٹر کا معائنہ کرایا گیا جہاں انہیں تربیتی مراحل اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال پر بریفنگ دی گئی۔ امریکی سینئر سفارت کار نے سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی کے اس اقدام کو جدید اور موثر قرار دیتے ہوئے اسے شہریوں کے لیے انتہائی مفید قرار دیا۔ بعدازاں امریکی سینئر سفارت کار نے ڈرائیونگ ٹیسٹنگ ٹریک اور ٹریفک میس کا دورہ کیا، جہاں انہیں ڈرائیونگ ٹیسٹ کے طریقہ کار اور ٹریفک پولیس کے فلاحی اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے ٹریفک پولیس کے زیر استعمال جدید سہولیات اور شفاف طریقہ کار پر اطمینان کا اظہار کیا، اس موقع پر معزز مہمان ٹریفک آڈیٹوریم میں بھی تشریف لے گئیں جہاں سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد ہمدانی نے راولپنڈی پولیس کی مجموعی کارکردگی، سیکیورٹی اقدامات اور جرائم کی روک تھام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ امریکی سینئر سفارت کار نے پولیس کی کارکردگی کو سراہا اور اسے عوام کی سہولت کے لیے ایک مثبت قدم قرار دیا۔ چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی نے ٹریفک پولیس کے فرائض، چیلنجز اور سڑکوں پر ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے معزز مہمان کو بتایا کہ کس طرح سٹی ٹریفک پولیس جدید ٹیکنالوجی، موثر حکمت عملی اور مستعد اہلکاروں کی مدد سے شہریوں کو سہولیات فراہم کررہی ہے،

موٹر سائیکل چوری و جیب تراشی کی وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے تین ارکان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ مارگلہ پولیس نے موٹر سائیکل چوری اور جیب تراشی کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے تین ارکان کو گرفتار کر کے قیمتی موبائل فونز اور موٹر سائیکل برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور جرائم کے انسداد کیلئے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ مارگلہ پولیس ٹیم نے جدید تکنیکی اور انسانی ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے موٹر سائیکل چوری اور جیب تراشی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے تین ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چار عدد قیمتی موبائل فون اور موٹر سائیکل برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کی شناخت عمران، عامر اور صدام کے ناموں سے ہوئی ہے، ملزمان کے خلاف متعدد مقدمات درج ہیں، ابتدائی تفتیش کے دوران ملزمان نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت میں چوری میں ملوث ملزمان کیخلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لائی جارہی ہیں، جس کی وجہ سے چوری کے واقعات میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، انہوں نے تمام افسران کو ہدایات جاری کی کہ شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثوں سے محروم کرنے والے ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں،

چکوال، قتل کے ملزمان کو عمر قید اور پانچ پانچ لاکھ جرمانے کی سزا سنادی گئی

چکوال (این این آئی) قتل کے ملزمان کو عمر قید اور پانچ پانچ لاکھ جرمانے کی سزا سنا دی گئی۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لیفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین کی زیر نگرانی چکوال پولیس کی قتل کے مقدمہ میں موثر تفتیش اور معزز عدالت نے فیصلہ سنادیا۔ ڈی پی او چکوال کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی لیگل کی زیر نگرانی تھانہ صدر تلہ گنگ کے انوسٹی گیشن آفیسر نے قتل کے مقدمہ میں موثر تفتیش کی۔ چکوال پولیس کی بہترین تفتیش اور ضمنی میں لکھے حقائق سے ایڈیشنل سیشن جج تلہ گنگ نے اتفاق کرتے ہوئے مجرمان محمد رضوان ولد اعجاز حیدر اور اعجاز حیدر ولد خادا کی جان کو عمر قید اور الگ الگ 5 لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا حکم دیا۔

پنجاب میں دو ایوانی نظام لانے کی قرارداد کثرت رائے سے منظور

حکومتی رکن احمد علی جاوید نے وفاق کی طرز پر دو ایوانی نظام قائم کرنے کی قرارداد پیش کی جسے کثرت رائے سے منظور کرلیا

حکومتی رکن سارہ احمد کی بنوں حملے کی مذمت اور پاک فوج سے اظہار یکجہتی کی قرارداد کثرت رائے سے منظور

لاہور (این این آئی) پنجاب میں قومی اسمبلی اور سینیٹ کی طرز پر دو ایوانی نظام لانے کی قرارداد کثرت رائے سے منظور کرلی گئی۔ حکومتی رکن احمد علی جاوید نے صوبے میں وفاق کی طرز پر دو ایوانی نظام قائم کرنے کی قرارداد پیش کی جسے کثرت رائے سے منظور کرلیا گیا۔ اس کے علاوہ حکومتی رکن سارہ احمد نے بنوں حملے کی مذمت اور پاک فوج سے اظہار یکجہتی کی قرارداد پیش کی جسے کثرت رائے سے منظور کرلیا گیا۔ ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر کا کہنا تھا کہ حکومتی پالیسیوں کے باعث کسان بدترین حالات سے دوچار (بقیہ نمبر 1)

مارکیٹ سروے کے بغیر رائس ملز کے پلانٹس کی فروخت کا انکشاف

پی اے سی اجلاس میں پلانٹس کی فروخت سے 1 کروڑ 83 لاکھ کے نقصان کے آڈٹ اعتراض کا جائزہ لیا گیا

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے پلانٹس کی فروخت کر کے آڈٹ پیرا پر دوبارہ ڈی اے سی کرنے کی ہدایت کر دی

اسلام آباد (این این آئی) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس کے دوران 2024-2023 میں مارکیٹ سروے کے بغیر رائس مل پلانٹس کی فروخت کا انکشاف ہوا ہے۔ اجلاس میں پلانٹس کی فروخت سے 1 کروڑ 83 لاکھ کے نقصان کے آڈٹ اعتراض کا جائزہ لیا گیا۔ رکن کمیٹی حسنین طارق نے سوال کیا کہ بتایا جائے کہ کیا مارکیٹ ویلیو ایشن کرائی گئی تھی جس پر سیکرٹری تجارت نے (بقیہ نمبر 5)

راولپنڈی: حکومت پنجاب کے جانب سے کی ایمبرجا فرازی کیلئے ایک راشن کیٹ کا بٹوارہ کیا گیا جس میں ایم پی اے میاں مہمان حسنین بہادر، ایم پی اے فرحت اللہ، ایم پی اے چوہدری شجیم الزمان پراچہ، ایم پی اے چوہدری عمران انوار، ایس ایس پی پنجاب، ملک عمر فرمان، چوہدری آصف علی ایڈووکیٹ کا موجود کلب میں ایم پی اے چیئرمین کے ہوتے ہوئے دیگ کا کریم ذوق

ملک میں سیمنٹ کی ریٹیل قیمت میں کمی کا رجحان برقرار

سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1321 روپے ریکارڈ

کراچی (این این آئی) ملک میں سیمنٹ کی ریٹیل قیمت میں گزشتہ ہفتہ کے دوران کمی کا رجحان برقرار رہا، ادارہ شماریات پاکستان کے اعداد و شمار کے مطابق 6 مارچ کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ملک کے شمالی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1321 روپے ریکارڈ کی گئی جو پہلے ہفتہ کے مقابلہ میں 63.0 فیصد کم (بقیہ نمبر 2)

لاہور: سیکرٹری داخلہ پنجاب نورالامین مینگل سے امریکی قونصل جنرل کرسٹن باکنر کی ملاقات کررہی ہیں۔

نوابشاہ: علی آباد کے مقام پر ٹریلر پر پٹرول بم سے حملہ

بم حملے کے باعث ٹریلر کو آگ لگ گئی، جس پر قابو پالیا گیا، 2 ملزمان گرفتار کرلیے گئے

نواب شاہ (این این آئی) نواب شاہ میں قومی شاہراہ پر علی آباد کے مقام پر ٹریلر پر پٹرول بم سے حملہ کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق پٹرول بم حملے کے باعث ٹریلر کو آگ لگ گئی جس پر قابو پالیا گیا ہے۔ ٹریلر پر حملہ کرنے والے مبینہ 2 ملزمان کو پولیس نے گرفتار کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کی گرفتاری کے خلاف علاقہ (بقیہ نمبر 4)

ڈکیتی کر کے فرار ہوتے موٹر سائیکل سوار 3 ملزمان کی پولیس پر فائرنگ

ایک ملزم ہلاک، دو فرار، شہری سے گن پوائنٹ پر چھینا گیا پرس، رقم اور موبائل برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ چوہڑ صدر کے علاقہ میں شہری سے ڈکیتی کر کے فرار ہوئے موٹر سائیکل سوار 3 ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کردی، فائرنگ کے دوران ایک ملزم ہلاک جبکہ دو فرار ہو گئے۔ شہری سے گن پوائنٹ پر چھینا گیا پرس، رقم اور موبائل برآمد کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق چوہڑ صدر واقعہ کے علاقہ میں ڈکیتی کر کے فرار (بقیہ نمبر 5)

لاہور: پولیس نے پنجاب اسمبلی کے اجلاس کی وجہ سے راستے کو پوائنٹ پر بڑی کراس بلاک کر کے لئے بند کر رکھا ہے۔

پولیس کی جانب سے پراسیکیوٹرز کی جعلی مہریں استعمال کیے جانے کا انکشاف

کارروائی کی سفارش کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر کو انکوائری افسر مقرر کردیا گیا

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے معاملہ اینٹی کرپشن کے سپرد کر دیا

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کی جانب سے پراسیکیوٹرز کی جعلی مہریں استعمال کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے، پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے معاملہ اینٹی کرپشن کے سپرد کر دیا۔ ایڈیشنل ڈی پی او کے مطابق پنجاب پولیس کی جانب سے پراسیکیوٹرز کی جعلی مہریں استعمال کرنے کا انکشاف ڈیشان اکرم ڈپٹی ایڈووکیٹ جنرل کیس کی تفتیش کے دوران ہوا۔ تفتیشی افسر نے واٹس ایپ ڈیٹا (بقیہ نمبر 6)

شہید جمیل احمد لاشاری کے قاتلوں کو پولیس گرفتار نہ کرسکی

ایس ایس پی کشمور والد سے ملنے کا نوٹس لینے کا مطالبہ

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ معصوم بچہ شہید جمیل احمد لاشاری کے قاتلوں کو پولیس گرفتار نہ کرسکی، ایس ایس پی کشمور والد سے ملنے کو تیار نہیں، اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق تفریحاً 5 نامعلوم قاتلوں کی حدود سے جرائم پیشہ افراد کی فائرنگ سے ایک معصوم بچہ شہید ہوا تھا، اہل ایس ایس پی شیر علی بجارانی اور ایم پی اے میر محبوب علی بجارانی و دیگر شہداء کے لواحقین کو کہا تھا کہ قاتلوں کو جلد گرفتار کر کے ان کو عبرتناک انجام تک پہنچایا جائے گا۔ شہید کے والد نے میڈیا والوں کو بتایا کہ ایس ایس پی زیبر نذیر شیخ نے چار دن، اور فون کال بھی نہیں اٹھاتے، میرے بیٹے کو گولی کھا کر مارا گیا، 5 گھنٹے گزرنے پر بعد پولیس شہید کے قاتلوں کو گرفتار نہیں کر سکی۔ انہوں نے وزیر داخلہ ضیاء الحسن لنجار، آئی جی سندھ غلام نبی میمن، ڈی آئی جی لاڑکانہ عامر آفتاب چنار اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ معصوم بچے کے قاتلوں کو گرفتار کر کے مجھے انصاف فراہم کیا جائے۔

کراچی گرم اور خشک موسم کی لپیٹ میں رہے گا، محکمہ موسمیات

کراچی (این این آئی) محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ کراچی آج گرم اور خشک موسم کی لپیٹ میں رہے گا۔ شہر کا کم سے کم درجہ حرارت 39.5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ قبل ازیں محکمہ موسمیات نے آج خیبر پختونخوا، کشمیر، گلگت بلتستان، شمالی بلوچستان اور بالائی پنجاب میں بارش اور پہاڑوں پر برفباری کی پیش گوئی کی ہے۔ کوئٹہ، پشاور، سوات اور آزاد کشمیر میں بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

فیصل آباد، خوبرو دوشیزہ نے شادی کا جھانسہ دیکر سادہ لوح شہریوں کو لوٹ لیا

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں خوبرو دوشیزہ نے شادی کا جھانسہ دیکر سادہ لوح شہریوں کو لوٹ لیا۔ ساڑھے بارہ لاکھ کی نقدی و زیورات سمیٹنے کے بعد شادی سے انکار کرنے پر پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزمہ کی تلاش شروع کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق 597 کے سب کے رہائشی طارق نے تھانہ کشمیاں کروانے والے نے تھانہ بی کی رپورٹ کروانے کیلئے رابطہ کیا اور دوشیزہ نے اپنے دیگر ساتھیوں سے ملکر اس (بقیہ نمبر 7)

موڈینز نے پاکستانی بینکوں کا منظر نامہ مستحکم سے مثبت کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) کریڈٹ ریٹنگ کی بین الاقوامی ایجنسی موڈیز نے پاکستانی بینکوں کا منظر نامہ مستحکم سے مثبت کر دیا۔ موڈیز کے مطابق مثبت منظر نامہ بینکوں کی لچک دار مالی کارکردگی کے سبب کیا گیا ہے۔ مثبت منظر نامہ ایک سال قبل کے مقابلے میں بہتر معاشی حالات کا اظہار بھی کیا ہے۔ اس حوالے سے کہا گیا ہے کہ 2025 میں پاکستان کی معاشی نمو 3 فیصد متوقع ہے جبکہ 2024 میں 2.5 فیصد تھی۔

فوری ضرورت

ARY Daily Awami Lalkaar

عوامی للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

خیر پور میں سینئر ایڈووکیٹ لیاقت علی بھلیپوٹو فائرنگ سے قتل

سینئر ایڈووکیٹ کے قتل کی اطلاع پر وکلا کی بڑی تعداد سول اسپتال پہنچ گئی، پولیس

خیرپور (این این آئی) خیرپور میں سینئر ایڈووکیٹ کو گزشتہ رات 8 معلوم افراد نے گھر پر ایڈووکیٹ لیاقت علی بھلیپوٹو کو قتل کر دیا فائرنگ کر کے قتل کیا، مقتول کی نعش خیرپور شہر کے گھر پر ملی۔ پولیس حکام کے مطابق لیاقت علی بھلیپوٹو سادہ گوٹھ محلے میں (بقیہ نمبر 8)

سعودی عرب، دبئی، مالدیپ منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام

منشیات کیلاف کریک ڈاؤن میں 10 ملزمان گرفتار، لاکھوں مالیت کی منشیات برآمد

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے مختلف ممالک میں منشیات اسمگلنگ کی کوششیں ناکام بنا دیں۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق مختلف شہروں میں منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن میں 10 ملزمان کو گرفتار کر کے 45 کلو سے زائد مالیت کی 61.488 کلوگرام منشیات برآمد کی گئیں۔ اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر سعودی عرب جانے والے مسافر کے ٹرالی بیگ میں چھپائی گئی 2.382 کلو آئس اور دبئی جانے (بقیہ نمبر 9)



میونسپل کمیٹی کندھ کوٹ کے ملازمین کا جھاڑو اٹھا کر احتجاجی مظاہرہ

میونسپل کمیٹی کے ملازموں کا افسروں کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

کندھ کوٹ میونسپل کمیٹی کے اہلکاروں نے پورے کندھ کوٹ شہر کو دربدر کردیا

شہر کو کھنڈر بنا دیا ہے سی ایم او اپنے ملازمین کے ساتھ ظلم و زیادتی کر رہے ہیں

میونسپل کمیٹی کے ملازمین کو کھانے کی فکر ہے اور فاکا کشی لاحق ہے، مظاہرین

کشمور (سید رشید احمد شاہ) میونسپل کمیٹی کے ملازمین کا اپنے افسروں کے خلاف جھاڑو اٹھا کر احتجاجی مظاہرہ کندھ کوٹ میونسپل کمیٹی کے اہلکاروں نے پورے کندھ کوٹ شہر کو دربدر کردیا۔ پورے شہر کو کھنڈر بنا دیا ہے سی ایم او اپنے ملازمین کے ساتھ ظلم و زیادتی کر رہے ہیں میونسپل کمیٹی کے ملازمین کو کھانے کی فکر ہے اور فاکا کشی لاحق ہے۔ ناقو مضان شریف کی نحوستوں کا ہے، اور ناہی عید کی بونس ملی سندھ حکومت نے عید پر ایڈوانس تنخواہ دینے کا اعلان کیا ہے۔ میونسپل کمیٹی کے ملازمین مقصود رین کلچ ناظم مسلم لیگ شیخ نے کہا کہ آج (بقیہ نمبر 10)

ڈگری میں 15 کروڑ کے ترقیاتی کام کرائے جائیں گے

ٹاؤن کمیٹی ڈگری کی جانب سے بلاتفریق شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کام جاری ہیں

ڈگری (رپورٹ محمد عاصم آرائیں) ڈگری میں 15 کروڑ کے ترقیاتی کام کرائے جائیں گے جس میں شہر کے بسہانہ علاقوں کو ترجیح دی گئی ہے اس سلسلے میں ٹاؤن کمیٹی ڈگری کی جانب سے بلاتفریق شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کام جاری ہیں۔ صوبائی وزیر عبد الرق خان تالپور اور چیئرمین ٹاؤن کمیٹی ڈگری میر ذوالفقار علی تالپور کی ذاتی دلچسپی اور کوششوں سے شہر کے پسماندہ علاقوں میں پیور بلاک روڈ۔ سولٹ کے اسٹریٹ لائٹ (بقیہ نمبر 1)

قصور: ڈپٹی کمشنر عمران علی کو محنت اسلامیہ ہائی سکول میں قائم ہمارک کے احاطی سینٹر کا دورہ کر رہے ہیں۔

اے وی ایل سی سائٹ ڈویژن کا پولیس مقابلہ، بدنام زمانہ ڈکیت ہلاک

پولیس مقابلہ قبرہ والی گلی نزد حبیب چورگی سائٹ اے کی حدود میں پیش آیا

کراچی (این این آئی) خبر تھا کہ میں اے وی ایل سی سائٹ ڈویژن نے میڈیا پولیس مقابلے میں ایک ڈکیت کو ہلاک کر دیا۔ ہلاک ہونے والے ملزم کی شناخت عبدالواجد کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق عبدالواجد بدنام زمانہ لاشاری گینگ کا سرگرم رکن تھا اور کراچی میں کاریں چھیننے، چوری کرنے سمیت متعدد وارداتوں میں ملوث تھا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ملزم کے خلاف قتل، چوری، ڈکیتی اور پولیس مقابلوں کے (بقیہ نمبر 2)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان اور وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف لاہور میں عمری کے وقف عام لوگوں کے سامنے ہیلتھ کیئر کی پالیسی پر ہیں۔

گاڑی چوری، 50 لاکھ ڈکیتی کی جھوٹی کال کرنے والا گرفتار

لین دین کے معاملے پر پیتک گاڑی لے گیا تھا، پولیس مصروف تفتیش

لاہور (این این آئی) لاہور میں پولیس نے گاڑی چوری اور 50 لاکھ روپے ڈکیتی کی جھوٹی کال کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے ایڈین ٹاور کے قریب 15 کو ڈکیتی کی جھوٹی کال کی تھی۔ ملزم عنصر کا کہنا تھا کہ 35 لیکس آئے اور 50 لاکھ روپے اور لینڈ کروزر گاڑی چوری ہوگئی۔ پولیس کو کیس میں دوران ملزم زیادہ وقت پولیس کو چکر دے رہا تھا۔ گلبرگ پولیس نے جھوٹی 15 کال کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کا بیک کے ساتھ لین دین کا معاملہ تھا جس کے باعث بیک گاڑی لے گیا تھا۔ ملزم عنصر کے (بقیہ نمبر 3)

لاہور ہائیکورٹس میں زیر التوا اپیلیں سپریم کورٹ منتقلی کا حکم

سماعت کے دوران وکلا کی جانب سے ہائیکورٹس میں مقدمات زیر التوا ہونے کی نشاندہی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں سپریم کیس کی سماعت کے دوران وکلا کی جانب سے ہائیکورٹس میں مقدمات زیر التوا ہونے کی نشاندہی کی گئی، جس پر عدالت عظمیٰ نے اسلام آباد اور لاہور ہائیکورٹس میں زیر التوا اپیلیں سپریم کورٹ منتقلی کا حکم دے دیا۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 5 رکنی آئینی بنچ نے سپریم کیس کے خلاف کیس کی سماعت کی۔ سماعت کے آغاز میں وکلا کی جانب سے لاہور اور اسلام آباد (بقیہ نمبر 4)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

راولپنڈی، 6 منشیات فروش گرفتار، 9 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کر کے 6 ملزمان گرفتار کر کے 9 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق قادر منڈی پولیس نے 2 ملزمان عطاء اللہ اور حنان سے 3 کلو 600 گرام چرس برآمد کی، سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس نے ملزم ساجد سے 2 کلو 400 گرام چرس برآمد کی، رتہ امرال پولیس نے (بقیہ نمبر 3)

منشیات سپلائر عمران علی کو 9 سال قید، 80 ہزار جرمانے کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پیروی کے باعث منشیات سپلائر عمران علی کو 9 سال قید اور 80 ہزار جرمانے کی سزا سنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنادی، مجرم عمران علی کو 9 سال قید اور 80 ہزار جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 1 کلو 48 گرام چرس برآمد ہونے پر انٹیرپوٹ پولیس نے 2 ہزار 202 میں گرفتار کیا تھا، ملزم کو شاہد اور موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرم قرار دے کر اقدامی سزا سنائی۔

ڈکیتی مقدمہ قتل میں ملوث گینگ کے 3 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) کہوٹہ پولیس نے ڈکیتی مقدمہ قتل میں ملوث گینگ کے 3 ملزمان گرفتار کر کے مسروقہ رقم، 02 کلاشنکوف اور اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق کہوٹہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی مقدمہ قتل میں ملوث گینگ کے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کی شناخت واثق، اسد اور عبدالرحمٰن کے ناموں سے ہوئی ہے۔

ڈکیتی مقدمہ قتل میں ملوث گینگ کے 3 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) کہوٹہ پولیس نے ڈکیتی مقدمہ قتل میں ملوث گینگ کے 3 ملزمان گرفتار کر کے مسروقہ رقم، 02 کلاشنکوف اور اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق کہوٹہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی مقدمہ قتل میں ملوث گینگ کے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کی شناخت واثق، اسد اور عبدالرحمٰن کے ناموں سے ہوئی ہے۔

فتنہ الخوارج کیلئے چندہ اکٹھا کرنیوالے

کارندے کو قید و جرمانہ کی سزا

مکوآنہ (این این آئی) انسداد دہشت گردی کی عدالت نے فتنہ الخوارج کیلئے چندہ اکٹھا کرنیوالے کارندے کو ڈیڑھ سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے۔ استغاثہ کے مطابق مطابق سی ٹی ڈی (بقیہ نمبر 6)

سابق وزیراعظم محمد خان جونیجو کی 32ویں برسی 18 مارچ کو منائی جائے گی

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان کے سابق وزیر اعظم محمد خان جونیجو کی 32ویں برسی 18 مارچ کو منائی جائے گی اس سلسلے میں مسلم لیگ کے زیر اہتمام آگہی خوانی، فاتحہ خوانی اور دعا تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں مرحوم محمد خان جونیجو کی خدمات پر روشنی ڈالی جائے گی۔ محمد خان جونیجو پاکستان کے دسویں وزیر اعظم تھے وہ 24 مارچ 1985ء سے 29 مئی 1988ء تک پاکستان کے وزیر اعظم رہے ہیں۔

جعفرا ایکسپریس حملہ؛ کوئٹہ سے اندرون ملک ٹرین سروس معطل

کوئٹہ سے کوئی بھی ٹرین تاحکم جانی نہیں چلے گی، ریلوے حکام

کوئٹہ (این این آئی) جعفرا ایکسپریس پر دہشت گردوں کے حملے کے بعد کوئٹہ سے اندرون ملک ٹرین سروس معطل کردی گئی۔ ریلوے حکام کے مطابق آج کوئٹہ سے کوئی بھی ٹرین تاحکم جانی نہیں چلے گی، سکیورٹی وجوہات کی بنا پر ٹرین سروس معطل کی گئی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفرا ایکسپریس پر حملے اور 500 مسافروں کو یرغمال (بقیہ نمبر 7)

بشریٰ بی بی کی 2 مقدمات میں عبوری ضمانت میں توسیع

انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے ضمانت سے متعلق کیسز کی سماعت کی

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت اسلام آباد نے بشریٰ بی بی کی 2 مقدمات میں عبوری ضمانت میں توسیع کردی۔ 26 نومبر احتجاج پر درج مقدمات میں بشریٰ بی بی کی 2 مقدمات میں ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواست پر سماعت انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرین نے کی۔ بشریٰ بی بی (بقیہ نمبر 8)

مسیحی برادری کا راولپنڈی پریس کلب کے باہر احتجاجی مظاہرہ

وزیر اعظم، وزیر داخلہ، وزیر اعلیٰ پنجاب، آئی جی اسلام آباد و دیگر اعلیٰ حکام خواتین اور بچوں کو ہراساں کرنے، ظلم و بربریت کے خلاف سخت نوٹس لیں

جھوٹی آئیف آئی آر درج کرائی اسے واپس لیا جائے اور پاسٹر سارہ کی دادری کی جائے اور چرچ پر مبینہ قبضہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) اے ڈی ایم چرچ کامس کالج نیو بچھوڑی بیتھن ٹاؤن ٹاکولوئی کی پاسٹر سارہ چوہدری پر جھوٹی ایف آئی آر کے خلاف راولپنڈی پریس کلب کے باہر مسیحی برادری نے احتجاجی مظاہرہ کیا، مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے آل پاکستان چینلز مینیجر موومنٹ کے قائدین سیمل روی، فیاض مجنی، عامر گیل، اور آر شرگل نے وزیر اعظم میاں شہباز شریف، وزیر داخلہ، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف آئی جی اسلام آباد و دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ (بقیہ نمبر 9)

لاہور: سیکرٹری داخلہ پنجاب نورالامین مینگل سے امریکی قونصل جنرل کرسٹن باکنر کی ملاقات کررہی ہیں۔

پاکستان مرکزی مسلم لیگ راولپنڈی کے رہنماؤں کا ضمیر آباد ثریں واقعہ پر افسوس کا اظہار

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پاکستان مرکزی مسلم لیگ راولپنڈی کے رہنماؤں نے ضمیر آباد ثریں واقعہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وقت آگیا ہے کہ سیاسیت اور قومیت کے نام پر معصوم شہریوں اور سکیورٹی اداروں پر حملہ آور حاصر ہی سرکوبی کی جائے، پاکستان کو ٹکڑے کے نام پر بنا کے تقسیم کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، اس حساس معاملے پر (بقیہ نمبر 0)

امریکی قونصل جنرل کا جعفرا ایکسپریس واقعے پر افسوس کا اظہار

سیکرٹری داخلہ پنجاب نورالامین مینگل سے امریکی قونصل جنرل کرسٹن باکنر کی ملاقات

لاہور (این این آئی) امریکی قونصل جنرل کرسٹن باکنر نے جعفرا ایکسپریس کے واقعے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نورالامین مینگل سے امریکی قونصل جنرل کرسٹن باکنر نے ملاقات کی، اس موقع پر پنجاب میں امن و امان کی (بقیہ نمبر 2)

موٹر سائیکل لائسنس کے اجراء میں ریلیف جاری

پنجاب بھر میں رواں سال 12 لاکھ 70 ہزار سے زائد شہریوں نے سہولت سے استفادہ کیا

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مزاقاران بیگ کے انکشافات پر صوبہ بھر میں موٹر سائیکل لائسنس کے اجرء میں ریلیف کا سلسلہ جاری ہے، صوبہ بھر میں رواں سال 12 لاکھ 70 ہزار سے زائد شہریوں نے سہولت سے استفادہ کیا۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق 5 لاکھ 20 ہزار سے زائد شہریوں نے ریگولر ڈرائیونگ لائسنس حاصل کیا جبکہ رواں سال 1 لاکھ 9 ہزار سے زائد شہریوں کے لائسنس کی تجدید کی گئی، (بقیہ نمبر 2)

دنیا بھر میں صارفین کے حقوق کا عالمی دن 15 مارچ کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں صارفین کے حقوق کا عالمی دن 15 مارچ کو منایا جائے گا عالمی یوم صارفین کی مناسبت سے فیصل آباد سمیت ملک بھر کے مختلف شہروں میں حقوق انسانی کی تنظیموں کی جانب سے عوام میں شعور و آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا جائے گا مقررین کنزیمر پروٹیکشن کی افادیت و اہمیت اور صارفین کے حقوق پر روشنی ڈالیں گے۔ پاکستان میں صارفین کی بدعم فعالیت، اپنے حقوق سے (بقیہ نمبر 3)

لاہور: ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے پنجاب مہر فرقان کا کالعدم پاکستان عوامی پارٹی کیمپین کے حق میں ریلی کے دوران ریلی کے ساتھ ہیں۔

اسٹیبلشمنٹ بلوچستان کا مسئلہ حل نہیں کرسکی، فواد چوہدری

سیاسی قوتوں کو والیں کر دینا چاہیے، بلوچستان میں کسی سیاسی پارٹی کا حصہ نہیں، بلوچستان طویل عرصے سے اسٹیبلشمنٹ کے پاس ہے

صدر مملکت آل پارٹیز کانفرنس بلائیں، باپی پی ٹی کی شرکت لازمی یقینی بنائی جائے، سابق وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ بلوچستان کا مسئلہ حل نہیں کرسکی اب اس کو سیاسی قوتوں کو واپس کر دینا چاہیے، سب سے بڑا ساتھ بلوچستان کا ہوا ہے، 120 ٹوٹل اغوا ہوئے، بلوچستان میں کسی سیاسی پارٹی کا ہیں، بلوچستان طویل عرصے سے اسٹیبلشمنٹ کے پاس ہے، صدر آصف زرداری آل پارٹیز کانفرنس بلائیں، باپی پی ٹی کی شرکت لازمی یقینی بنائیں، باپی پی ٹی کی شرکت کے بغیر آل پارٹی کانفرنس کامیاب نہیں ہوگی (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی، وارث خان پولیس کی کامیاب کارروائی

چوری کرنیوالے ملزمان گرفتار، مسروقہ رقم 18 ہزار 6 سو برآمد

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے میٹرو بس میں شہری کی جیب سے چوری کرنے والے ملزمان کو گرفتار کر کے مسروقہ رقم 18 ہزار 6 سو روپے برآمد کر لیے۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے میٹرو بس میں شہری کی جیب سے چوری کرنے والے ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان شائف احسان اور عرفان کے نام سے ہوئی، ملزمان سے مسروقہ 18 ہزار 6 سو روپے برآمد ہوئی، ملزمان نے میٹرو بس کے سفر کے دوران شہری کی جیب سے رقم چوری کی تھی، واقعہ کا مقدمہ تھانہ وارث خان میں درج کیا گیا ہے، ملزمان کو تھوں شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035